Roll No. ______________ اُمیدوار خود پُر کرے | S.S.C - (Part-II)-A-2022 | (For all Session)

اُردو (لازمی) (انشائیہ) گروپ - II

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i - بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے ...... محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

ii - پانی تھا آگ ، گرمیِ روزِ حساب تھی ...... ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

iii - جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار ...... جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار

iv - سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح ...... اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

(حصہ غزل)

i - مُصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے ...... تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

ii - کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں ...... ہوش جب بے خودی سے مِلتا ہے

iii - ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ ...... دوست تیرا ہے ، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) اس تمدنی پس منظر کے طفیل ایک وقتی جذبۂ ہیجان نہیں بلکہ تہذیبی اکائی بن کر ہماری معاشرتی زندگی میں بہت دور تک جاتی ہے۔ اس وُسعت پزیری سے موضوع کی جڑیں ہماری ادبی روایات میں پھیل گئی ہیں۔

(ب) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کو تم کو خط لکھتا ہُوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہُوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے، آج کاغذ اور ٹکٹ منگا لوں گا۔ سہ شنبہ ۸۔ نومبر صبح کا وقت ہے۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

i - نام دیو مالی پودوں کو دیکھتے ہوئے کیسا لگتا تھا؟

ii - علی بخش کے مطابق ڈاکٹر صاحب کو کھانے کیلئے کیا پسند تھیں؟

iii - دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

iv - پرستان میں پان کی عادت کی وجہ سے پتّا توڑا تو کیا محسوس کیا؟

v - انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vi - شاعر کے کہنے کے مطابق سڑک پر چلنے والی گاڑیوں کی کیا حالت ہوتی ہے؟

vii - شاعر اپنی عاجزی و انکساری کو کیسے بیان کرتا ہے؟

viii - شاعر نے چراغوں اور کنول سے کیا مراد لیا ہے؟

5 - کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: پرستان کی شہزادی **یا** چغل خور 05

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

i - فٹ بال کا ایک میچ ii - محنت کی برکتیں iii - شہری زندگی کے مسائل

7 - درج ذیل پیرا گراف کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

پنجاب کی حد اُن دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے ہوئے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعۃً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ اِدھر سے سبکتگین بھی نکلا چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعۃً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے، انہیں خبر بھی نہ ہوئی ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں۔ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ، جو بچے اُن کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

i - راجہ جے پال نے کیا دیکھتے ہوئے غزنی پر حملہ کیا؟

ii - جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

iii - ہندوستانیوں کا وہاں رضائی کے بغیر گزارہ کیوں نہیں ہو رہا تھا؟

iv - برف باری نے کیا اثرات ڈالے؟

v - جنگ کیلئے لشکر کہاں سے کہاں تک پھیلا دیا گیا تھا؟